سوال

(331)کفارہ غیبت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ آپ نے جس شخص کی غیبت کی ہے اس کے لیے مغفرت کی دعا کریں۔ اے اللہ ہمیں اور اس کو معاف فرما:

(بیہقی/الدعوات الکبیر بحوالہ مشکوۃ المصابیح حدیث 4877) یہ روایت کیسی ہے؟ (محمد محسن سلفی کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الدعوات الکبیر (2/294ح 507) میں عنبسہ بن عبد الرحمٰن القرشی عن ثابت البنانی عن انس بن مالک رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے ہے۔

حافظ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "فی ھذا الاسناد ضعف" اس سند میں کمزوری ہے۔

عنبسہ بن عبد الرحمٰن متروک ہے۔ (دیکھئے تقریب التہذیب: 5206)

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ شخص حدیثیں گھڑتا تھا۔ الجرح والتعدیل 6/402)

ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی کتاب الموضوعات (3/118۔119) میں ذکر کی ہے۔ یہ روایت سخت ضعیف یا موضوع ہے (شہادت جون 2003ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ